

## اسٹار لامین یمال پر تنقید مسترد

بارسلونا کے ہیڈ کوچ ہنسی فلک نے ٹیم کے اسٹار ونگر لامین یمال پر ہونے والی حالیہ تنقید کو مسترد کرتے ہوئے ان کا بھرپور دفاع کیا ہے۔ چیمپئنز لیگ کے کوارٹر فائنل کے اہم معرکے سے قبل پریس کانفرنس کرتے ہوئے ہنسی فلک نے کہا کہ لامین ایک غیر معمولی ٹیلنٹ ہیں اور ان کے «جذباتی» ردعمل کو منفی طور پر نہیں دیکھنا چاہیے۔ (تفصیلات اندر)

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد



## کہنا مشکل، کون بہتر ہے: ہربھجن


ایک پروگرام میں ماہر ہربھجن سنگھ نے ویبھو سوریہ ونشی اور جسپریت بُمراہ کے درمیان ہونے والے مقابلے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا، «ویبھو سوریہ ونشی اور جسپریت بُمراہ کے درمیان یہ مقابلہ دکھانے کے لیے تھا کہ کون بہتر ہے۔ رائل چیلنجرز رائل اور ممبئی انڈینز کے میچ میں، ویبھو نے بُمراہ کے اوور کی پہلی ہی گیند پر شاندار شاٹ کھیلا۔ (تفصیلات اندر)

جلد نمبر 58 | Thursday 09th April 2026 | ۹ اپریل ۲۰۲۶ بروز جمعرات بمطابق ۲۰ شوال ۱۴۴۷ | صفحات: 08 | No. 97 • Vol: 58 • R.N.I: 17647/69 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net

## دوسرکاری ملازمین کو ملازمت سے برطرف کرنے کا حکم جاری

### کارروائی ”دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرینس“ پالیسی کے تحت کی گئی ہے/ حکام

جموں/ یواین آئی/ جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے دوسرکاری ملازمین کو ملازمت سے برطرف کر دیا ہے۔ ان پر پاکستان میں قائم دہشت گرد تنظیموں لشکرِ طیبہ اور حزب المجاہدین سے تعلق رکھنے کے الزامات ہیں۔ ذرائع کے مطابق یہ کارروائی "دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرینس "پالیسی کے تحت کی گئی ہے۔ برطرفی آئین کے آرٹیکل (2)311 سی) کے تحت عمل میں لائی گئی، جو حکومت کو خاص حالات میں بغیر محکمانہ تحقیقات کے ملازمین کو برخاست کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ بتایا گیا کہ یہ اقدام سرکاری نظام میں گھس داخل دہشت گرد عناصر کو ختم کرنے کی مہم کا حصہ ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے واضح کیا ہے کہ سرکاری مشینری سے دہشت گردی کا مکمل صفایا ہونے تک کارروائی جاری رہے گی۔ پہلے برطرف ملازم کی شناخت فرحت علی کھانڈے کے طور پر ہوئی ہے، جو رامبن میں محکمہ تعلیم میں چوتھے درجے کا ملازم تھا۔/1




## وزیراعظم کا خودانحصاری اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے پر زور

### پردھان منتری مدرا یوجنا کے 11 برس مکمل ہونے پر پیغام جاری

نئی دہلی/ یواین آئی/ وزیراعظم نریندر مودی نے بدھ کے روز پردھان منتری مدرا یوجنا کے 11 برس مکمل ہونے پر کہا کہ اس اسکیم نے ملک کے نوجوانوں میں خود روزگار کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں انہوں نے کہا آج سے عین 11 برس قبل پردھان منتری مدرا یوجنا کا آغاز کیا گیا تھا، اور اس نے نوجوانوں میں خود روزگار کے فروغ میں بے حد فائدہ پہنچایا ہے۔"انہوں نے مزید کہا کہ اس اسکیم کی کامیابی اس بات کی مثال ہے کہ اگر افراد کو درست مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ نہ صرف خود کفیل بن سکتے ہیں بلکہ ملک کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔/2



## ڈیڈلائن سے کچھ ہی پہلے ٹرمپ کا جنگ بندی کا ڈرامائی اعلان

### ایران کی طرف سے 10 نکاتی تجویز مذاکرات کیلئے قابل عمل بنیاد قرار دیا

واشنگٹن/ یواین آئی/ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکہ اور ایران ایک "حتمی "امن معاہدے کے بہت قریب پہنچ چکے ہیں، اور اسی سلسلے میں انہوں نے دو ہفتوں کی جنگ بندی کا اعلان کیا ہے تاکہ مذاکرات کو آگے بڑھایا جاسکے۔ یہ اعلان رات گئے ایک ڈرامائی پیش رفت کے طور پر سامنے آیا، جس نے دونوں ممالک کو ممکنہ بڑے فوجی تصادم کے دہانے سے واپس کھینچ لیا۔ واشنگٹن وقت کے مطابق شام 6 بج کر 32 منٹ (بدھ کو صبح 4 بج کر 2 منٹ ہندستانی وقت) پر، ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر پوسٹ کرتے ہوئے کہا کہ جاری سفارتی پیش رفت کے پیش نظر وہ ایران کے خلاف طے شدہ فوجی کارروائیوں کو دو ہفتوں کے لیے معطل کر رہے ہیں۔ یہ اقدام ان کی جانب سے مقرر کردہ رات 8 بجے (ہندستانی وقت صبح (5:30 کی ڈیڈ لائن سے کچھ ہی پہلے سامنے آیا۔ اس سے قبل واشنگٹن نے خبردار کیا تھا کہ وہ ایران کے توانائی اور نقل وحمل کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بناتے ہوئے بڑے پیمانے پر حملے کرسکتا ہے۔ ایک باضابطہ بیان میں ٹرمپ نے کہا کہ یہ فیصلہ شہباز شریف اور عاصم منیر کے ساتھ بات چیت کے بعد کیا گیا، جنہوں نے کشیدگی کم کرنے پر زور دیا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جنگ بندی کا انحصار اس بات پر ہے کہ ایران آبنائے ہرمز کو " مکمل، فوری اور محفوظ " طور پر کھولنے پر رضامند ہو۔ ٹرمپ نے کہا یہ دوطرفہ جنگ بندی ہوگی، "اور دعویٰ کیا کہ امریکہ اپنے تمام فوجی مقاصد حاصل کر چکا ہے اور ایران کے ساتھ طویل مدتی امن معاہدہ طے کرنے کے قریب ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ واشنگٹن کو تہران کی جانب سے/4

### ہندوستان کا جنگ بندی کا خیر مقدم

#### مغربی ایشیا میں ”مستقل امن“ کی راہ ہموار ہونے کی اُمید کا اظہار

نئی دہلی/ یواین آئی/ وزارت خارجہ نے بدھ کے روز امریکہ، اسرائیل اور ایران کے درمیان طے پانے والے دوہفتوں کے جنگ بندی کے معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ یہ تنازعات سے گھرے مغربی ایشیا میں "مستقل امن " کی راہ ہموار کرے گا۔ ایک سرکاری بیان میں، ہندوستان نے " کشیدگی میں کمی، مذاکرات اور سفارت کاری " کی وکالت کرنے والے اپنے مستقل موقف کا اعادہ کیا ہے، جو جاری دشمنی کے جلد خاتمے کا واحد قابل عمل راستہ ہے۔ تنازعہ کے وسیع تر اثرات کو اجاگر کرتے ہوئے،/3

## تعلیمی معیار اور طلباء کی بہبود کیلئے لیفٹیننٹ گورنر کی ہدایات

### سرینگر کلسٹر یونیورسٹی کی دوسری یونیورسٹی کونسل میٹنگ کی صدارت کے دوران خطاب

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بدھ کے روز لوک بھون جموں میں سری نگر کلسٹر یونیورسٹی کی دوسری کونسل میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں کلسٹر یونیورسٹی سرینگر کے وائس چانسلر پروفیسر محمد مبین، وائس چانسلر جموں یونیورسٹی پروفیسر اومیش رائے، وائس چانسلر کلسٹر یونیورسٹی جموں پروفیسر کے ایس چندر شیکھر، ایڈیشنل چیف سیکرٹری فائنانس ڈیپارٹمنٹ، لیفٹیننٹ گورنر کے پرنسپل سیکرٹری، سابق وائس چانسلر سینٹرل یونیورسٹی گجرات پروفیسر راما شنکر دوبے، سابق وائس چانسلر علی گڑھ مسلم یونیورسٹی پروفیسر پی کے عبدالعزیز، کلسٹر یونیورسٹی کشمیر رجسٹرار اور کونسل کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔ یونیورسٹی کونسل نے لیفٹیننٹ گورنر کی زیر صدارت میٹنگ میں مختلف ایجنڈا نکات اور تجاویز کی اصولی منظوری دی جن میں عبدالاحد آزاد چیئر کے قیام اور این ای پی 2020 کے تحت یو جی سی رہنما اُصولوں کے مطابق پوسٹ گریجویٹ نصابی فریم ورک کو اپنانے کی منظوری شامل ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کلسٹر یونیورسٹی سرینگر کو ہدایت دی کہ وہ تعلیمی معیار اور طلباءً کی فلاح و بہبود کو مضبوط بنانے کے لئے ہدفی اصلاحات عملائے۔ اُنہوں نے یونیورسٹی کو مزید ہدایت دی کہ انتظامی نظام کو جدید بنانے اور کارکردگی میں بہتری کے لئے ای۔آفس سسٹم کو مکمل طور پر عملایا جائے۔ اُنہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ یونین ٹیریٹری کی تمام یونیورسٹیوں میں غیر تدریسی عہدوں کے لئے بھرتی کے قواعد میں یکسانیت ہونی چاہیے تاکہ شفاف اور منظّم عمل کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کلسٹر یونیورسٹی سری نگر کو ’وِکست بھارت یووا کنیکٹ‘ اور دیگر قومی یکجہتی پروگراموں کے تحت نوجوانوں کی زیادہ شمولیت کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ اُنہوں نے نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت بیداری مہمات کو مزید تیز کرنے پر بھی زور دیا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا،’’یونیورسٹیوں اور تعلیمی اداروں کو معاشرے کے تئیں اپنی ذمہ داری ادا کرنی چاہیے اور منشیات کے ناسور کے خلاف جدوجہد میں پیش پیش رہنا چاہیے۔‘‘ وائس چانسلر کلسٹر یونیورسٹی سری نگر پروفیسر محمد مبین نے/5



## پتھراؤ کیس میں گرفتار پانچ افراد کو دس سال بعد بری کرنے کا حکم

سرینگر/ یو پی آئی/ سرینگر کی ایک مقامی عدالت نے 2016 کے پرتشدد ایام کے دوران درج کیے گئے پتھراؤ کے اہم مقدمے میں تقریباً دس برس بعد فیصلہ سناتے ہوئے تمام پانچ ملزمان کو بری کر دیا۔ عدالت نے سخت مشاہدہ کیا کہ استغاثہ کسی بھی مرحلے پر الزامات کو ٹھوس اور قابلِ اعتماد شواہد کے ساتھ ثابت کرنے میں ناکام رہا، اس لیے ملزمان کو مجرم ٹھہرانا قانونی طور پر ممکن نہیں۔ یہ معاملہ جولائی 2016 کے اُن بڑے ہنگاموں سے تعلق رکھتا ہے جو حزب المجاہدین کے کمانڈر برہان وانی کی ہلاکت/13

## وزیر خارجہ جے شنکر آج ماریشس اور UAE روانہ ہو رہے ہیں

### 9 اور 10 اپریل کو بحر ہند کانفرنس کے نویں ایڈیشن میں شرکت کریں گے



نئی دہلی/ یواین آئی/ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر جمعرات کو ماریشس اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے چار روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ ڈاکٹر جے شنکر ماریشس میں بحر ہند کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ وزارت خارجہ نے بدھ کو بتایا کہ ڈاکٹر جے شنکر 09 اور 10 اپریل کو بحر ہند کانفرنس کے نویں ایڈیشن میں شرکت کے لیے ماریشس کا دورہ کریں گے۔ وہ ماریشس میں وہاں کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیں گے اور بحر ہند کانفرنس کے نویں ایڈیشن میں کلیدی خطاب بھی کریں گے۔ کانفرنس کے دوران وزیر خارجہ کی دیگر شریک ممالک کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ بات چیت کا امکان ہے۔ یہ دورہ ہندوستان کی 'پڑوسی مقدم 'پالیسی، بحری وژن ساگر اور عالمی خطہ جنوب کے تئیں عزم کو اجاگر/10

## بنگال پر میلی نظر ڈالی تو پاکستان ٹکڑوں میں بٹے گا/ راج ناتھ

### پاکستانی وزیر دفاع خواجہ آصف کے حالیہ ایک بیان پر ردعمل




سرینگر/ یو پی آئی/ پاکستانی وزیر دفاع خواجہ آصف کے حالیہ بیان پر سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ اگر پاکستان نے کولکتہ کو نشانہ بنانے کی دھمکی پر کوئی قدم اٹھانے کی کوشش کی تو ’’پاکستان کتنے حصوں میں تقسیم ہوگا، یہ خدا ہی جانتا ہے‘‘۔ انہوں نے متنبہ کیا کہ پاکستان کو 55 سال پہلے بھی اس طرح کے نتیجے کا سامنا کرنا پڑا تھا جب وہ دو ٹکڑوں میں تقسیم ہوا تھا، اور اگر اس نے دوبارہ کوئی ’’مہم جوئی‘‘ کی تو انجام پہلے سے زیادہ سنگین ہوسکتا ہے۔ راجناتھ سنگھ، جو انتخابی مہم کے سلسلے میں مغربی بنگال میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کر رہے تھے، نے پاکستانی وزیر دفاع کو ’’اکسانے والا اور غیر ذمہ دارانہ‘‘ بیان دینے سے باز رہنے کی نصیحت کی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت امن چاہتا ہے لیکن قومی سلامتی کے معاملے میں/7

## ہندوستان کا ایران میں مقیم اپنے شہریوں کو ملک چھوڑنے کا مشورہ

نئی دہلی/ یواین آئی/ ہندوستان نے امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے پیش نظر ایران میں مقیم اپنے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سفارت خانے کے تجویز کردہ راستوں کا استعمال کرتے ہوئے جلد از جلد ملک سے باہر نکل جائیں۔ تہران میں واقع ہندوستانی سفارت خانے نے منگل کو اس سلسلے میں جاری کردہ ایڈوائزری کو بدھ کے روز ایک بار پھر جاری کرتے ہوئے ہندوستانی شہریوں کو ایران چھوڑنے کا مشورہ دیا ہے۔ سفارت خانے نے ایڈوائزری میں کہا ہے کہ، 7"اپریل کی ایڈوائزری کے تسلسل میں اور/6

## وزیر اعلیٰ نے منشیات سے نجات اور ماحولیات کی حفاظت پر حلف دلایا

### جموں میں محکمہ سکولی تعلیم کے تین روزہ صوبائی سطح کے بیداری پروگرام سے خطاب



جموں/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اہم سماجی چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے اِجتماعی ذِمہ داری کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اگرچہ حکومت پر کئی ذِمہ داریاں عائد ہوتی ہیں لیکن بہت سی ذِمہ داریاں پوری سوسائٹی کو مل کر نبھانی ہوں گی۔ اُنہوں نے اِن باتوں کا اِظہار آج یہاں کنونشن سینٹر میں محکمہ سکولی تعلیم کی جانب سے منعقدہ تین روزہ صوبائی سطح کے بیداری پروگرام کا آغاز کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعلیٰ نے طلباءً اور دیگر شرکاءً کے ایک بڑے اِجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حکومت کے دائرہ کار میں صرف آنے والی ذمہ داریوں جیسے سڑکوں، پُلوں اور ہسپتالوں کی تعمیر اور وہ ذمہ داریاں جن کے لئے عوام کی فعال شرکت ضروری ہے، کے درمیان واضح فرق کو اُجاگر کیا۔/11

## تقریباً 30 برسوں سے لاپتہ شخص عدالت کی طرف سے مردہ قرار

سرینگر/ یواین آئی/ جموں وکشمیر کے سری نگر میں ایک خصوصی موبائل مجسٹریٹ عدالت نے تقریباً تیس سال پرانے گمشدگی کے ایک اہم معاملے میں فیصلہ سناتے ہوئے جولائی 1997 سے لاپتہ عبدالرشید وانی کو قانونی طور پر مردہ قرار دے دیا ہے۔ عدالت نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ ان کے خاندان کو موت کا سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے۔ یہ فیصلہ خصوصی موبائل مجسٹریٹ مسرت جبیں کی سربراہی میں 4 اپریل کو سنایا گیا، جو وانی کی بیوی فریدہ شبنم اور ان کے دو بیٹوں کی جانب سے دائر دیوانی مقدمے پر دیا گیا۔ یہ سبھی مدینہ کالونی، بمنہ کے رہائشی ہیں۔ خاندان نے/14

## یونان اور لائبیریا کے دو جہاز آبنائے ہرمز سے گذر چکے ہیں

### اس وقت تقریباً 800 جہاز اس راستے سے گزرنے کے منتظر ہیں

تہران/ یواین آئی/ ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ بندی کے بعد آبنائے ہرمز سے دو جہازوں کی آمدورفت بحال ہوئی ہے، تاہم مجموعی بحری سرگرمی اب بھی محدود ہے۔ میرین ٹریفک کے مطابق جنگ بندی کے بعد آبنائے ہرمز سے گزرنے والے دو جہازوں کا تعلق یونان اور لائبیریا سے ہے۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اگرچہ سیز فائر کے بعد بحری راستہ جزوی طور پر کھلا ہے، لیکن جہازوں کی نقل و حرکت تاحال معمول سے کم ہے۔ شپنگ ڈیٹا سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس اہم گزرگاہ میں تجارتی جہازوں کی آمدورفت میں ابھی خاطر خواہ اضافہ نہیں ہوا۔ ماہرین کے مطابق جنگ بندی صرف پہلا قدم ہے اور//8

## ایران امریکہ جنگ بندی پر جموں کشمیر لیڈران کا خیر مقدم

### عمر عبداللہ، محبوبہ مفتی، طارق حمید قرہ، فاروق عبداللہ کے پیغامات مسرت






سرینگر/ کے این ایس/ کشمیر کے سیاسی رہنماؤں نے امریکہ اسرائیل اور ایران کے درمیان 39 دن کی جنگ کے بعد ہونے والی عارضی جنگ بندی کا خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ "تنازعات کے حل کے لیے مکالمہ ہی واحد راستہ ہے۔ جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، جو اس جنگ بندی پر ردعمل دینے والے پہلے سیاستدان تھے، نے سوال کیا کہ امریکہ نے اس جنگ سے کیا حاصل کیا؟ انہوں نے سماجی رابطہ گاہ ایکس پر لکھا: "جنگ بندی سے آبنائے ہرمز دوبارہ کھل رہی ہے، جو جنگ سے پہلے سب کے لیے کھلی اور دستیاب تھی۔ تو پھر اس 39 دن کی جنگ سے امریکہ کو کیا حاصل ہوا؟" جبکہ نیشنل کانفرنس کے صدر اور سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ "تنازعات کے حل کے لیے مکالمہ ہی واحد راستہ ہے اور بھارت کو تمام ممالک کے ساتھ دوستانہ تعلقات رکھنے چاہئیں۔" موجودہ قیادت کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ حکومت ہند کو مشورہ نہیں دے سکتے، لیکن ایک بات ضرور کہہ سکتے ہیں کہ اگر بھارت کو/9

## کپواڑہ اور گاندربل میں برفانی طوفان آنے کا امکان/ محکمہ موسم

سرینگر/ یو پی آئی/ حکام نے کشمیر میں تازہ بارشوں اور پہاڑی علاقوں میں برفباری کے بعد وادی کے بالائی حصوں میں درمیانہ درجے کے برفانی تودے گرنے کا الرٹ جاری کیا ہے۔ یہ وارننگ خاص طور پر گاندربل اور کپواڑہ کے 2600 میٹر سے زیادہ بلندی والے علاقوں کے لیے دی گئی ہے، جہاں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ایوالانچ کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ جموں و کشمیر ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے ایک اہلکار نے بتایا کہ مسلسل برفباری اور گیلے موسم کے باعث پہاڑی ڈھلوانوں میں کمزوری پیدا ہوئی ہے، جس سے/12

## شوپیان میں ایک سڑک پر طاقتور اور خطرناک دھماکہ خیز مواد کا سراغ

### بم ڈسپوزل سکورڈ نے ناکارہ بنادی، فوری طور علاقہ میں سرچ آپریشن

سرینگر/ یو پی آئی/ جنوبی کشمیر کے ضلع شوپیاں میں بدھ کی صبح ایک امکانی واردات کو وقت پر ناکام بنا دیا گیا، جب سیکورٹی فورسز نے زینہ پورہ چتراگام روڈ پر ایک طاقتور آئی ای ڈی کا سراغ لگا کر اسے بحفاظت ناکارہ بنادیا۔ فوجی ذرائع کے مطابق یہ دھماکہ خیز مواد واضح طور پر سیکورٹی فورسز کی گاڑیوں کو نشانہ بنانے کے ارادے سے نصب کیا گیا تھا۔ اطلاعات کے مطابق معمول کی سینیٹائزیشن کارروائی کے دوران فورسز کو سڑک کے کنارے ایک مشکوک شئے نظر آئی۔ قریب سے معائنہ کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ ایک بڑا وضع شدہ بارودی دھماکہ خیز آلہ ہے، جسے فعال حالت میں رکھا گیا تھا۔ فوری طور پر بم ڈسپوزل اسکواڈ کو طلب کیا گیا جس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر انتہائی احتیاط کے ساتھ آئی ای ڈی کو ناکارہ بنایا۔ بروقت کارروائی کے نتیجے میں ممکنہ جانی و مالی نقصان سے بچاؤ ممکن ہوا۔ فوجی افسر کے مطابق اگر یہ آئی ای ڈی پھٹ جاتا تو اس کی زد میں آنے والی فورسز کی گاڑیوں یا عام راہ گیروں کو شدید نقصان پہنچ سکتا تھا۔ اس واقعے کے بعد علاقے میں مزید سرچ آپریشن تیز کر دیا گیا ہے۔

## کنگن گاندربل میں پاور کنال سے غیرشناخت شدہ نعش برآمد/ پولیس

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق وسطی ضلع گاندربل کے کنگن علاقے میں اُس وقت جب تھیون کنگن کے علاقے میں مقامی لوگوں نے پاور کنال سے ایک نعش تیرتے ہوئے پائی اور انہوں نے اس سلسلے میں پولیس کو آگاہ کیا۔ پولیس پارٹی جائے موقع پر پہنچ گئی اور نعش کو اپنی تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے اسپتال پہنچادیا جہاں ڈاکٹروں نے اُس کا پوسٹ مارٹم کیا۔ پولیس نے اس بات کی تصدیق کی کہ گاندربل کے مضافاتی علاقے میں پاور کنال سے نعش برآمد کی گئی تاہم اس کی شناخت نہیں ہوسکی۔

